03-10-2023 TUESDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔وزیراعظم نریندر مودی نے آٹھ ہزار کروڑ روپے کے مختلف ترقیاتی کاموں کا آج یہاں سنگ بنیاد رکھا۔جس میں پہلے آٹھ سو میگاواٹ کا سوپر تھرمل پاور پراجکٹ بھی شامل ہے۔

۲۔وزیراعظم نریندر مودی نے کہا کہ این ٹی پی سی کے ذریعہ ریاست میں نصف برقی سربراہی ممکن ہوسکے گی۔

۳۔وزیراعظم نے کہا کہ ریاست میں ایک مخصوص خاندان کی جانب سے یہاں کی دولت کولٹا جارہا ہے۔

۴۔الیکشن کمیشن آف انڈیا نے ریاست میں مجوزہ اسمبلی انتخابات کی تیاریوں کا آغاز کردیا ہے۔

LEAD PM

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا کہ اسٹیٹ آف دی آرٹ سوپر تھرمل پاور کا پہلا یونٹ ضلع پداپلی میں تیار ہے۔جب کہ دوسرا یونٹ بہت جلد مکمل ہوگا۔نظام آباد میں کئی ایک ترقیاتی پراجکٹس کے افتتاح کے بعد وہ خطاب کررہے تھے۔وزیراعظم نریندر مودی نے کہا کہ این ٹی پی سی کے ذریعہ تلنگانہ کی عوام کو چار ہزار میگاواٹ بجلی حاصل ہوگی۔مودی نے کہا کہ بی بی نگر میں تلنگانہ کی عوام کے لئے ایمس قائم کیا جائے گا۔مرکزی وزیر اور ریاستی بی جے پی صدر کشن ریڈی نے اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مرکز میں بی جے پی کے برسر اقتدار آنے کے بعد ملک بھر میں برقی کی قلت ختم ہوچکی ہے۔کثیر تعداد میں عوام اور ہلدی کے کاشت کار وزیراعظم کے عوامی اجلاس میں شریک تھے۔کسانوں کے لئے یہاں خصوصی گیلری ترتیب دی گئی۔

ADD PM

وزیراعظم نریندر مودی نے نظام آباد میں آٹھ ہزار کروڑ روپے کے مختلف ترقیاتی کاموں کا سنگ بنیاد رکھا۔جس میں برقی۔ریل۔صحت شامل ہیں۔اس موقع پر انہوں نے پہلے آٹھ سو میگاواٹ یونٹ کے پہلے مرحلے کو تلنگانہ سوپر تھرمل پاور پراجکٹ این ٹی پی سی کے ذریعہ قائم کیا جارہا ہے کو قوم کے منعون کیا۔جس کے ذریعہ تلنگانہ کی عوام کو کم قیمت میں بجلی حاصل ہوگی۔اور یہاں معاشی ترقی میں غیر معمولی اضافہ ہوگا۔اس موقع پر وزیراعظم نے ریل پراجکٹس بشمول ریلوے لائن منوہر آباد تا سدی پیٹ اور الکٹریفکیشن پراجکٹ دھرما آباد تا منوہر آباد۔اور محبوب نگر تا کرنول۔کو بھی قوم کے نام منعون کیا۔جس کے ذریعہ ماحول دوست ٹرینیں چلائی جاسکیں گی۔اس موقع پر وزیراعظم نے سدی پیٹ۔سکندرآباد۔سدی پیٹ ٹرین کو بھی جھنڈی دکھائی۔جس کی وجہ سے مقامی مسافرین کو اس علاقے میں کافی فائدہ پہونچے گا۔وزیراعظم نے ریاست بھر کیلئے بیس کرٹیکل کیر بلاکس (سی سی بیز) کا بھی پردھان منتری آیوشمان بھارت ہیلتھ انفراسٹرکچر مشن کے تحت سنگ بنیاد رکھا۔یہ سی سی بیز۔بیس ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹرس کے دواخانوں میں قائم کئے جائیں گے۔جس کے ذریعہ ریاست بھر کی عوام کو غیر معمولی فائدہ پہونچے گا۔

PM PUBLIC MEETING

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا کہ ریاست تلنگانہ کی دولت کو ایک خاندان کی جانب سے لٹا جار ہا ہے جبکہ کئی لوگوں نے یہاں قربانیاں دی ہیں۔انہوں نے پرجا گرجنا سبھا سے مخاطب کرتے ہوئے نظام آباد میں نوجوانوں سے کہا کہ وہ اس خاندان کو دوبارہ اقتدار میں آنے سے روکیں۔انہوں نے خواتین تحفظات بل کا بھی ذکر کیا اور کہا کہ آئندہ بھی خواتین کو مزید طاقتور بنایا جائے گا۔این ٹی پی سی کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ریاست میں برقی کے شعبے میں اس سے غیر معمولی فائدہ ہوگا۔

ECI

الیکشن کمیشن آف انڈیا ریاست میں اسمبلی انتخابات کی تیاریوں کا آغاز کر چکا ہے۔الیکشن کمیشن آف انڈیا کی ٹیم جس کی قیادت چیف الیکشن کمشنر راجیو کمار کر رہے ہیں نے مختلف سیاسی پارٹیوں کی جانب سے اٹھائے گئے مسائل کو سنا۔الیکشن کمیشن آف انڈیا نے مختلف جماعتوں کے وفد جس میں بی جے پی۔بی آر ایس۔کانگریس۔عاپ۔سی پی آئی ایم۔بی ایس پی۔اور ایم آئی ایم سے بات کی۔الیکشن کمشنرس انوپ چندرا پانڈے اور ارون گوئل کے علاوہ کئی ایک سینئر عہدیداروں نے میٹنگ میں شرکت کی۔سیاسی جماعتوں نے کئی ایک مسائل بشمول کلین ووٹر لسٹ۔ایک خاندان کے تمام ووٹ ایک ہی بوتھ پر ہوں اور اس طریقے سے مختلف مسائل پر بات چیت کی۔چھ قومی پارٹیاں بشمول بی جے پی۔کانگریس۔عاپ۔کے علاوہ چار علاقائی پارٹیاں بی آر ایس۔ٹی ڈی پی۔ایم آئی ایم نے بھی ای سی سے ملاقات کی۔ای سی آئی کی جانب سے بیس انفورسمنٹ ایجنسیز سے ملاقات کی جائے گی۔

KTR

وزیر آئی ٹی و بلدی نظم ونسق کے ٹی آر اور وزیر داخلہ محمد محمود علی نے نئے تعمیر شدہ پولیس ہیڈکوارٹر کا جگتیال میں افتتاح انجام دیا۔اڑتیس کروڑ روپئے کی لاگت سے یہ ہیڈکوارٹر تعمیر کیا گیا ہے۔اس کے علاوہ انٹیگریٹیڈ مارکٹ اور ڈبل بیڈروم مکانات کا بھی جگتیال میں افتتاح انجام دیا گیا۔اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے کے ٹی آر نے کہا کہ بی آر ایس کی جانب سے عوامی فلاح و بہبود کے لئے مختلف ترقیاتی کام انجام دیئے جار ہے ہیں۔

HARISH RAO

ریاستی وزیر ہریش راو نے گجویل کی عوام سے اپیل کی کہ وہ چیف منسٹر کے چندر شیکھر راو کو آنے والے اسمبلی انتخابات میں بھاری اکثریت سے کامیاب کریں۔وزیر موصوف نے آج 33/11 کلوواٹ پاور سب اسٹیشن بائکمپور گرام پنچایت بلڈنگ اور چنا تما پور گرام پنچایت بلڈنگ کا سدی پیٹ ضلع کے ملگو منڈل میں بنڈا مائلارم انڈسٹریل اسٹیٹ میں افتتاح انجام دیا۔وزیر موصوف نے اس موقع پر اپنے خطاب میں کہا کہ وزیر اعلی نے گجویل علاقے کے پچاس سالہ پانی کے مسئلہ کو حل کر دیا ہے۔

SRINIVAS GOUD

ریاستی وزیر کھیل اور اکسائز ڈاکٹر سرینواس گوڑ نے ریاستی سطح پر کے سی آر اسپورٹس ایکوپمنٹ کٹس کی تقسیم کا آغاز کیا۔ضلع محبوب نگر کے

ہنواڈا منڈل ہیڈکوارٹرس پرضلع پریشد ہائی اسکول میں اس کا آغاز کیا گیا۔اس موقع پروزیرموصوف نے کہا کہ ملک بھرمیں تلنگانہ ایسی واحد ریاست ہے جہاں تمام گاوں میں اسپورٹس کامپلکس تعمیر کئے جارہے ہیں اورکھیل کودکی اشیاء کی تقسیم کی جارہی ہیں۔اس موقع پرریاستی چیف سکریٹری شانتی کماری بھی موجودتھی۔

BATUKAMMA

تلنگانہ حکومت کل سے بتکماں ساڑیوں کی تقسیم کاعمل شروع کرے گی۔جبکہ 80 فیصد ساڑیاں تقسیم کے مراکزکوروانہ کردیئے گئے ہیں۔اس سال تقریباًایک کروڑساڑیاں ہینڈلوم سوسائٹی کے زیراہتمام تیاری کروائی گئی ہیں جس کی جملہ لاگت 354 کروڑروپئے بتائی گئی ہے۔یہ ساڑیاں مختلف رنگوں اورزری کے کام کے ساتھ 250 مختلف ڈیزائنوں میں بنائی گئی ہیں۔ریاستی حکومت نے 2017 سے بتکماں ساڑیوں کی تقسیم کی اسکیم کا آغازکیا تھا۔جس کا مقصد بنکروں کوروزگارفراہم کرنا ہے۔یہ ساڑیاں سرسلہ۔پوچم پلی اورگدوال کے علاوہ دیگر علاقوں کے بنکروں کے ذریعہ تیارکی جاتی ہیں۔بتکماں کی یہ ساڑیاں تمام اٹھارہ سال کی خواتین کوتمام راشن کی دوکانوں پرمفت فراہم کی جائیں گی۔

AIRPORT

جی ایم آرحیدرآباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ لمیٹیڈ نے کاربن مینجمنٹ کے ضمن میں ایک نیا سنگ میل عبورکیا ہے۔اورگلوبل کلائمیٹ نشانہ کوحاصل کرنے کے لئے اسے ایئرپورٹ کونسل انٹرنیشنل۔اے سی آئی۔کی جانب سے لیول فورٹرانزیشن ایکریڈیشن حاصل ہوا ہے۔ایئرپورٹ کاربن ایکریڈیشن اے سی اے پروگرام 2009 میں اے سی آئی یوروپ کی جانب سے شروع کیا گیا تھا۔

AGNIVEERS

آرٹیلری سنٹرحیدرآباد میں آج صبح اگنی ویرکے دوسرے بیاچ میں پاس ہونے والے امیدواروں کی تقریب منعقد ہوئی۔جنرل آفیسر کمانڈنگ تلنگانہ اینڈآندھرا۔سب ایریا۔میجرجنرل راکیش منوچا۔نے پریڈکاجائزہ لیا۔2700 سے زائد اگنی ویراس تاریخی تقریب میں رجمنٹ آف آرٹیلری کا حصہ بنے۔یہ ان اگنی ویروں کے انسٹرکٹرس اورسرپرستوں کے لئے ایک فخرکالمحہ تھا۔سینئرآفیسرس نے اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اگنی ویروں کی غیرمعمولی صلاحتیں اورخدمات انڈین آرمی کوحاصل ہوں گی۔

CHANDRABABU

سپریم کورٹ نے آج تلگودیشم کے صدراورسابق وزیراعلی چندرابابونائیڈوکی جانب سے داخل کردہ عرضی کسی بھی طرح کی عبوری مددفراہم کرنے سے انکارکردیا۔واضح رہے کہ چندرابابونائیڈواس وقت اسکل ڈیولپمنٹ کارپوریشن اسکام میں معاملے میں محروس ہیں۔عدالتی بینچ جس میں جسٹس انیرودھابوس۔اورجسٹس ایم ترویدی شامل ہیں نے اس معاملے کی سنوائی کواس ماہ کی 9 تاریخ تک ملتوی کردیا۔بینچ نے اے پی سی آئی ڈی کے وکیل کوہدایت دی کہ وہ تمام دستاویزات آندھراپردیش ہائی کورٹ میں 9 اکٹوبرتک جمع کروائیں۔

TRAFFIC

سائبر آباد پولیس نے سائکلینگ ٹو ووٹ۔اور واک تھان۔شعور بیداری پروگرام جوشہر میں منعقد ہورہا ہے کہ ضمن میں ٹریفک تحدیدات بھی عائد کی ہیں اور ٹریفک کا رخ چند ایک مقامات پر تبدیل کیا جارہا ہے۔کل صبح ساڑھے پانچ بجے سے ساڑھے آٹھ بجے تک درگم چیرو کیبل برتج پر ٹریفک بہاو کو دوسری جانب موڑ دیا جائے گا۔اس کے علاوہ درگم چیرو روڈ پر بڑی گاڑیوں کی آمدورفت کوسی اوڈی سے درگم چیرو روٹ پر موڑا جائے گا۔جبکہ آئی ٹی سی کوہ نور سے آئیکیا روٹری اور آئیکیا روٹری سے آئی ٹی سی جانے والی روٹ پر بھی بڑی گاڑیاں نہیں چلائی جاسکیں گی۔

NIRMALA

مرکزی وزیر فینانس نرملا سیتارامن نے کہا کہ۔سیس۔کے ذریعہ حاصل ہونے والی زائد آمدنی کومختلف کواپراٹیوسوسائٹیز کے ذریعہ ملک بھرمیں عام آدمی کو فائدہ پہونچایا جارہا ہے۔کوئمتبور میں منعقدہ ایک پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے وزیر فینانس نے کہا کہ ٹیکس کے ذریعہ حاصل ہونے والی آمدنی کو ریاستوں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔جبکہ سیس کے ذریعہ حاصل ہونے والی آمدنی کوملک کی معاشی ترقی کے لئے استعمال میں لایا جارہا ہے۔